سوال

(432) غروب آفتاب سے پہلے ایام مخصوصہ شروع ہونا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر کسی عورت کو روزے کے دن غروب سے پہلے ایسا محسوس ہو کہ ماہانہ ایام کا خون آنے لگا ہے، مگر ظاہر نہ ہو، یا ویسے ہی درد ہو، تو اس کے اس دن کا روزہ صحیح ہو گا یا اسے اس کی قضا دینی ہو گی؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب کوئی عورت اپنے طہر کے ایام میں ہو اور روزہ رکھے ہوئے ہو اور اسے محسوس ہو کہ جیسے ایام کا خون آنے لگا ہے، مگر فی الواقع مغرب کے بعد ہی جسم سے خارج ہو، یا درد محسوس کرے اور خون مغرب کے بعد خارج ہو، تو اس کا اس دن کا روزہ بالکل صحیح ہو گا، اور اسے اس کی قضا دینے کی قطعا ضرورت نہیں ہے، اور نفلی روزہ ہونے کی صورت میں اس کا ثواب بھی ضائع نہیں ہو گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 347

محدث فتویٰ